کے لئے گھر سے (کمانے) نکلا وہ راہِ خدا میں ہے۔[1]

## اولاد کے 3 حقوق

**پیارے اسلامی بھائیو!** اولاد کے بہت سے حقوق ہیں، جن میں سے 6 حقوق ہم پہلے سیکھ چکے، 3 آج سیکھیں گے۔ آیئے! پہلے سیکھے ہوئے حقوق دوہرا لیتے ہیں: **(1):** اچھی ماں کا انتخاب (تربیت کی ابتدا ماں کی گود سے ہوتی ہے، ماں جتنی اچھی ہو گی، اولاد کی تربیت اتنی اچھی ہو گی) **(2):** بچے کے کان میں اذان دینا **(3):** تحنیک (یعنی گھٹی دینا) **(4):** بچے کا اچھا نام رکھنا **(5):** عقیقہ کرنا **(6):** اچھی تربیت کرنا۔

مزید 3 حقوق جو آج سیکھنے ہیں:

### پہلا حق: اولاد میں برابری کرنا

**وضاحت:** حدیث پاک میں فرمایا: اللہ سے ڈرو اور اپنی اولاد میں انصاف کرو...![2]

**اَولاد کے درمیان برابری کی مثالیں:** ❁ تمام بچوں کو برابر برابر پیار کرے حتّٰی کہ بوسہ دینے میں بھی برابری کرے ❁ تحفہ وغیرہ دے تو سب کو دے ❁ تمام بچوں کو ایک جتنا خرچ دے ❁ اگر بچے ایک جیسی غلطی کریں تو سزا دینے میں بھی برابری کرے۔ اولاد میں برابری نہ کرنے سے نفرتیں، اختلافات، بُغض و حسد وغیرہ پیدا ہوتے ہیں۔

### دوسرا حق: نفقہ پورا کرنا

**وضاحت:** کھانے پینے، کپڑے اور رہنے کے لئے مکان کا انتظام کرنا **نفقہ** ہے۔[3]

حدیث شریف کے مطابق جو اَہل و عیال کے لئے رِزقِ حلال کمائے، قیامت کے دِن اُس کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح چمکے گا ❁ نابالغ بچے کا خرچ باپ پر واجِب ہے، اگرچہ وہ باپ کے پاس نہ رہیں

---

1... معجم کبیر، جلد:19، صفحہ:129، حدیث:282، ملخصًا، مکتبۃ ابن تیمیہ۔
2... مسلم، کتاب الھبات، باب کراھۃ تفضیل بعض الاولاد فی الھبۃ، صفحہ:632، حدیث:1623۔
3... بہارِ شریعت، جلد:2، صفحہ:273۔

